میڈیا آفس
حزب التحریر
ولایہ تیونس

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

﴿وَعَدَ اللَّهُ الَّذِينَ آمَنُوا مِنكُمْ وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ فِي الْأَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِينَ مِن قَبْلِهِمْ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِينَهُمُ الَّذِي ارْتَضَىٰ لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُم مِّن بَعْدِ خَوْفِهِمْ أَمْنًا يَعْبُدُونَنِي لَا يُشْرِكُونَ بِي شَيْئًا وَمَن كَفَرَ بَعْدَ ذَٰلِكَ فَأُولَٰئِكَ هُمُ الْفَاسِقُونَ﴾

حزب التحریر
Hizb ut Tahrir

منگل، 11 ذی القعدہ، 1442ھ | 22/06/2021 | نمبر: 41 / 1442

پریس ریلیز

حزب التحریر ولایہ تیونس کے وفد نے تیونس میں پاکستان کے سفارت خانے کا دورہ کیا

بروز پیر، 10 ذی القعدہ 1442 ہجری بمطابق 21 جون 2021، حزب التحریر ولایہ تیونس کے ایک وفد نے تیونس میں پاکستان کے سفارت خانے کا دورہ کیا۔ یہ وفد ان افراد پر مشتمل تھا:

الاسعد العجیلی، حزب التحریر ولایہ تیونس میں میڈیا آفس کے سربراہ

استاد یاسین بن یحیی، حزب التحریر ولایہ تیونس میں مرکزی رابطہ کمیٹی کے چیرمین

استاد حبیب الحجاجی، حزب التحریر ولایہ تیونس میں مرکزی رابطہ کمیٹی کے رکن

اس وفد نے حزب التحریر کی پریس اسٹیٹمنٹ تیونس میں پاکستان کے سفارت خانے کے حوالے کی جس میں یہ مطالبہ کیا گیا تھا کہ حزب التحریر ولایہ پاکستان کے ترجمان انجینئر نوید بٹ کی جبری گمشدگی کو ختم کیا جائے، جنھیں نو سال قبل پاکستان کی انٹیلی جنس نے اغوا کر لیا تھا اور آج کے دن تک اُن کے متعلق کوئی معلومات میسر نہیں ہے۔ 2012 سے آج کے دن تک آنے والی ہر پاکستان کی حکومت نے نوید بٹ کے متعلق کوئی معلومات فراہم کرنے سے انکار کیا ہے اور صورتحال اس مقام پر پہنچ گئی ہے کہ پاکستان کی انٹیلی جنس نے اُن کے گھر الوں کو یہ دھمکی دی کہ اگر نوید بٹ نے حزب التحریر کی سیاسی سرگرمیوں سے خود کو علیحدہ نہ کیا تو انہیں جسمانی طور پر نقصان پہنچا سکتے ہیں۔

حزب التحریر کے اراکین نے تیونس میں پاکستان کے سفارت خانے کے سامنے مظاہرہ بھی کیا اور مختلف نعرے بلند کیے جس میں یہ نعرہ بھی تھا کہ: "نوید بٹ، نو سال سے جبری گمشدہ"۔ اس مظاہرے کے دوران ولایہ تیونس میں حزب التحریر کے میڈیا آفس کے سربراہ نے ایک تقریر بھی کی جس میں انہوں نے نوید بٹ کا تعارف پیش کیا، اور وہ بنیادی وجوہات بیان کیں جن کی وجہ سے انہیں اغوا کیا گیا۔ انہوں نے افواج پاکستان اور پاکستان کے سفارت خانوں میں موجود مخلص افسران سے یہ مطالبہ کیا کہ وہ حکومت کے متعلقہ لوگوں پر دباؤ ڈالیں کہ وہ انجینئر نوید بٹ کو رہا کریں۔ اس کے علاوہ انہوں امت کی اہم قوتوں خصوصاً میڈیا سے مطالبہ کیا کہ وہ حزب التحریر کی نوید بٹ کی رہائی کی مہم میں شریک ہوں تا کہ اپنے بیوی بچوں سے ان کی جدائی کا خاتمہ ہو جائے۔

اللہ سبحانہ وتعالیٰ نے فرمایا، **﴿وَإِنِ اسْتَنْصَرُوكُمْ فِي الدِّينِ فَعَلَيْكُمُ النَّصْرُ﴾ "اور اگر وہ دین میں تم سے مدد چاہیں تو تم پر مدد دینا واجب ہے"** (الانفال، 8:72)۔ ہمارے نبی ﷺ نے فرمایا، **«الْمُسْلِمُ أَخُو الْمُسْلِمِ لَا يَظْلِمُهُ وَلَا يُسْلِمُهُ» "مسلمان مسلمان کا بھائی ہے، نہ اس پر ظلم کرتا ہے اور نہ اس کی مدد کرنا چھوڑتا ہے"** (مسلم)۔

ولایہ تیونس میں حزب التحریر کا میڈیا آفس

حزب التحریر آفیشل ویب پیج: http://www.hizb-ut-tahrir.org
ویب پیج آفس حزب التحریر میڈیا: http://www.hizb-ut-tahrir.info
ٹیلی فون: 71345949 / 21430700 فیکس: 71345950
ای میل: info@hizb-ut-tahrir.tn ویب سائٹ: www.hizb_ut_tahrir.tn